'समानो मन्त्रः समितिः समानी'

UNIVERSITY OF NORTH BENGAL

B.A. Honours Part-III Examination, 2022

URDU

PAPER-VI

Time Allotted: 4 Hours | Full Marks: 100

The figures in the margin indicate full marks.

1. درج ذیل سوالوں میں سے کسی دس کے مختصر جواب لکھئے: 2×10 = 20

(i) " جمالیاتی تنقید" سے وابستہ کس ایک ناقد کا نام بتایئے.

(ii) حالؔی کا پورا نام اور تخلص بتایئے.

(iii) " اردو تنقید کا ارتقاء" کا مصنف کون ہے؟

(iv) آل احمد سرور کی کسی ایک کتاب کا نام بتایئے.

(v) " تحقیق" کسے کہتے ہیں؟ دو جملوں میں بتایئے.

(vi) " مقدمہ شعر و شاعری" کس نوعیت کی کتاب ہے؟

(vii) کس ایک مارکسی ناقد کا نام بتایئے.

(viii) کلیم الدین احمد کے کسی دو تصنیف کا نام بتایئے.

(ix) مجنوں گورکھپوری کی ولادت کب اور کہاں ہوئی؟

(x) اردو کی پہلی تنقید تصنیف کونسی ہے؟

(xi) کسی دو " تاثراتی" ناقد کا نام بتایئے.

(xii) محمد حسین آزاد کی کسی ایک کتاب کا نام بتایئے.

(xiii) " شعر العجم" کے مصنف کون ہے؟

(xiv) " تنقیدی نظریات" کے مصنف کون ہیں؟

(xv) " کلیم الدین احمد کا آبائی وطن بتائے.

2. درج ذیل سوالات میں سے کسی چار کے جواب دیجئے: 15×4 = 60

(i) تنقید کیا ہے؟ تنقید کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اس کی اہمیت واضح کیجئے.

(ii) ' مقدمہ شعر و شاعری کی روشنی میں حالی کو بحیثیت نقاد پیش کیجئے.

(iii) آل احمد سرور کو بحیثیت ناقد پیش کیجئے.

(iv) ادب میں تنقید کی اہمیت کی وضاحت کیجئے.

(v) " جمالیاتی تنقید" سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے.

(vi) تنقید اور تذکرہ کا باہمی رشتہ واضح کیجئے.

(vii) مجنوں گورکھپوری کو بحیثیت ناقد قلمبند کیجئے.

3. درج ذیل اقتباسات میں کسی ایک کا تنقیدی تشریح کیجئے: 20

A

" انتخابات تنقید تو نہیں مگر انتخاب سے تنقیدی شعور ضرور ظاہر ہوتا ہے۔ انتخاب میں اپنی پسند سے زیادہ شاعر کی نمائندگی ضروری ہے۔ شاعر کی نمائندگی آسان کام بھی نہیں ہے۔ مگر جو لوگ اقتباسات کسی کثرت سے بدگمان ہو جاتے ہیں انہیں یہ سوچنا چاہیے کہ تنقید ہوئی نہیں ہوسکتی اقتباسات تنقید کو صحت سے قریب رکھتے ہیں۔"

B

" اس کے سوا معنی کے متعلق ایک اور کمال حاصل کرنے کی ضرورت ہے' جس کو الفاظ سے کچھ تعلق نہیں۔ صرف نیچرل کا مطالعہ اور معلومات کا ذخیرہ جمع کر لینا ہی شاعری کا کام نہیں ہے۔ بلکہ ہر ایک شئے کی روح میں جو خاصیتیں ہیں ان کا انتخاب کرنا اور ان کی تصویر کھینچنا شاعر کا کام ہے۔ شاعر مثلاً نباتات اور پھول اور پھل کو اس نظر سے نہیں دیکھتا جس نظر سے کہ ایک محقق علم نباتات کا دیکھتا ہے یا وہ ایک واقعہ تاریخی پر اس حیثیت سے نظر نہیں ڈالتا جس حیثیت سے کہ ایک مورخ نظر ڈالتا ہے۔"

——×——